## 115211 ـ عنوان : بیوی نے خاوند سے کہا میں تمہاری بیوی نہیں۔

**سوال**

عورت اگر اپنے خاوند سے کہے میں تمہاری  بیوی  نہیں تو اس کا حکم کیا ہو گا  ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عورت کا اپنے خاوند سے کہنا میں تمہاری بیوی نہیں اس سے کچھ بھی نہیں ہوگا کیونکہ بیوی اپنے خاوند کو طلاق دینے کا اختیار نہیں رکھتی، طلاق تو خاوند کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

اور اگر خاوند نے اپنی بیوی کو کہا: تم میری بیوی نہیں تو یہ طلاق کے کنایہ والے الفاظ میں شامل  ہو گا، جیسے کہ سوال نمبر ( 100997 ) کے جواب میں بیان ہو چکا ہے۔

بیوی کو چاہیے کہ وہ اس طرح کے الفاظ استعمال کرنے سے اجتناب کرے، کیونکہ ہو سکتا ہے خاوند ان الفاظ سے غصہ میں آ جائے اور وہ بھی اسے اسی جیسے الفاظ کہہ دے  اور بیوی کے کلام کی تاکید کرتے ہوئے کہے: جی ہاں، تم میری بیوی نہیں ہو! یا اس طرح کے اور الفاظ کہہ دے۔

میاں بیوی کے جھگڑوں کو محبت و مودت کی فضا میں طرفین کے حقوق کا خیال کرتے ہوئے حل کرنا چاہیے۔

اللہ تعالی سب کو ایسے عمل کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جو اللہ تعالی پسند فرماتا اور جن سے راضی ہوتا ہے۔

واللہ اعلم